© rasailojaraid.com

ضائع نہ کرو کیونکہ زندگی وقت ہی سے بنتی ہے۔ جوانی کی عبادت اور پرہیزگاری جہادِ اکبر ہے۔ زہد و عبادت کا پہلا مقصد دل کی پاکی ہے۔ احساس دعوتِ عمل ہے اور عمل خضرِ راہ ہے۔ توبہ قلب کی راحت ہے۔ سادہ زندگی اور پاکیزہ اخلاق عزت اور عمر بڑھانے کی دوا ہے وغیرہ وغیرہ۔ غرض ساری کتاب اسی قسم کے جواہر ریزوں سے بھری پڑی ہے۔ ان کو بغور پڑھ کر قوتِ عمل کو مہمیز لگتی ہے اور قاری میں اپنے اخلاق اور کردار کو سدھارنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

یہ کتاب اردو کے اخلاقی اور تعمیری ادب میں ایک گراں قدر اضافہ ہے۔ محترمہ رضیہ سلطانہ حسین دہلوی اس کتاب کی ترتیب و تالیف پر اور ناشر (گلستان پبلی کیشنز) اس کی اشاعت پر تبریک و تحسین کے مستحق ہیں۔ اس کتاب کو خریدنا اور پڑھنا سراسر نفع مند ہے۔ ہمیں امید ہے کہ کوئی گھر اور کتب خانہ اس کتاب سے خالی نہیں رہے گا۔

(۸)

| | |
|---|---|
| کتاب | ذراتِ درخشاں |
| از | مولانا اسعد گیلانی |
| ضخامت | ۲۲۰ صفحات مجلد |
| طباعت | عمدہ۔ کاغذ سفید |
| قیمت | بارہ روپے |
| ناشر | مکتبہ چراغ اردو بازار لاہور |

مکتبہ چراغ اسلام، اردو بازار لاہور نے کچھ عرصہ سے تبلیغ و اصلاح اور تعمیر سیرت سے متعلق موضوعات پر نہایت مفید کتابوں کی اشاعت کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ یہ کتاب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

کتاب کے مصنف جناب اسعد گیلانی علمی اور ادبی دنیا میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں سوزِ دروں کی نعمتِ عظیم سے بہرہ ور کیا ہے اور وہ ہر وقت کسی نہ کسی صورت میں دین و اخلاق کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔ یہ مجموعہ ان کے متعدد مختصر مضامین پر مشتمل ہے۔ ان مضامین کو بلا مبالغہ علم و ادب کے شہ پارے کہا جا سکتا ہے۔ دلچسپ اتنے کہ شروع سے اخیر تک ساری کتاب پڑھ جائیں اور کہیں اکتاہٹ محسوس نہ ہو۔ اثر انگیز اتنے کہ ایک ایک فقرہ دل میں اتر جائے۔ ملتِ پاک کو اس وقت ایسی ہی کتابوں کی ضرورت ہے۔ مکتبہ چراغ اسلام اس کتاب کو ایسی حسین و جمیل صورت میں شائع کرنے پر مبارکباد کا مستحق ہے۔ کتاب کے چند عنوانات ملاحظہ ہوں۔

© rasailojaraid.com